پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای۔میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

24 اکتوبر، 2017

ریزرو بینک آف انڈیا نے ''یس بینک لمٹیڈ'' پر مالیاتی جرمانہ عائد کیا

ریزرو بینک نے 23 اکتوبر 2017 کو ''یس بینک لمٹیڈ'' پر 60 ملین روپیہ (6 کروڑ روپیہ) کا مالیاتی جرمانہ عائد کیا ہے۔ ریزرو بینک نے یہ جرمانہ اس بینک کے ذریعہ آر بی آئی کے ڈائرکشن جو آمدنی کی پہچان واثاثہ کی درجہ بندی (آئی آر اے سی) سے متعلق تھے ان پر عمل نہیں کیا اور بینک کے اے ٹی ایم سی مین سیکورٹی سے کھلواڑ سے متعلق اطلاعات بھیجنے میں بہت تاخیر کی وجہ سے عائد کیا گیا ہے۔ ریزرو بینک نے یہ جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 47A(I)(C) جس کو سیکشن 46(4)(i) کے ساتھ پڑھا جائے میں حاصل اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس بینک کے ذریعہ آر بی آئی کے کچھ ڈائریکشن پر عمل درآمد کرنے میں ناکامیابی کی وجہ سے عائد کیا ہے۔

یہ کارروائی قانونی نکات کی تعمیل میں کمی کی بنیاد پر کی گئی ہے اس سے اس بینک کا اپنے صارفین کے ساتھ کسی اگریمنٹ یا لین دین میں ناجائز طریقہ اپنانے کا نہیں ہے۔

پس منظر:

اس بینک کے 31 مارچ 2016 کو اسٹیچوٹری انسپکشن (قانونی معائنہ) جو مالی حالت پر تھا سے یہ انکشاف ہوا کہ نان پرفارمنگ اسیٹ (این پی اے ز) کے اندازے میں آر بی آئی کے بہت سے قوانین کی خلاف ورزیاں کی گئی ہیں اے ٹی ایم ایک سائبر سیکورٹی حادثہ ہوا تھا اس کی رپورٹ بھی وقت مقررہ کے اندر پیش نہیں کی گئی۔ انسپکشن رپورٹ اور دیگر دستاویز کی جانچ کی بنیاد پر 6 جولائی 2017 کو بھیجا گیا جس کے ذریعہ بینک سے پوچھا گیا کہ آپ کے ذریعہ آر بی آئی کی ہدایات پر عمل کیوں نہیں کیا گیا۔ لہٰذا آپ پر کیوں نہ جرمانہ عائد کردیا جائے۔ اس بینک کے جواب اور ذاتی سماعت پر غور کرنے کے بعد نیز دوسرے دستاویز واطلاعات پر غور کرنے کے بعد ریزرو بینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ آر بی آئی کی ہدایات کی عدم تعمیل تو ہوئی ہے اور خلاف ورزیاں بھی کی گئی ہیں اور اس بینک پر مالیاتی جرمانہ عائد کردیا گیا۔

پریس ریلیز 1116/2017-2018

جوس۔ جے کٹور
چیف جنرل منیجر